**فوری ریلیز کے لیے: 3/5/2023** **گورنر KATHY HOCHUL**

***گورنر HOCHUL نے مالی سال 2024 کے بجٹ کے تحت ریاستی افرادی قوت اور حکومتی امور کو جدید بنانے کے لیے اقدامات کا اعلان کیا***

***جولائی 2023 سے دسمبر 2025 کے آخر تک، ریاست نیو یارک، ریاستی حکومت کے پیشہ جات میں مساویانہ رسائی کو فروغ دینے کے لیے سول سروس کے امتحان کی فیس معاف کر دے گی***

***سول سروس کے امتحانات زیادہ متواتر بنیاد پر پیش کیے جائیں گے اور ان میں امیدواروں کو زیادہ سے زیادہ لچک فراہم کی جائے گی***

***ریاست بھر میں ریاست کے تحت چلنے والے امتحانی مراکز قائم کیے جائیں گے تاکہ سول سروس کے ریاستی امتحانات کو نوکری کے متلاشی تمام افراد کے لیے زیادہ قابل رسائی بنایا جائے***

***اس میں بھرتی کے پروگرام 55-B میں توسیع بھی شامل ہے تاکہ معذور افراد کے لیے ملازمت کے مواقع میں وسعت لائی جائے***

***یہ عوامی افرادی قوت کی تعمیر نو اور نیو یارک کے تمام باشندوں کے بہتر طور پر کام آنے میں حکومت کی مدد کرنے کے لیے گورنر کے اسٹیٹ آف دی اسٹیٹ وعدوں کو بروئے کار لاتا ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج تعلیمی سال 2024 کے تاریخی بجٹ کے تحت متعدد اقدامات کا اعلان کیا تاکہ نیو یارک کی افرادی قوت کو جدت سے ہم آہنگ کیا جائے اور حکومت کے امور کو آسان بنایا جا سکے۔ ان اقدامات میں شامل ہیں، ریاستی امتحانات کی درخواست سے فیس کا خاتمہ؛ مسلسل بنیادوں پر سول سروس کے امتحانات پیش کیے جانا؛ اور ریاست کے موجودہ 55-B بھرتی کے پروگرام کو توسیع دیا جانا تاکہ معذور افراد کے لیے ملازمت کے مواقع بڑھائے جائیں۔ مل کر، یہ اقدامات گورنر کے اس عزم کی تائید کرتے ہیں کہ گورنمنٹ کو نیو یارک کے باشندوں کے لیے زیادہ بہتر کام کرنے والا بنایا جائے۔

"ایری کاؤنٹی میں بطور کلرک اپنے شروع کے دنوں سے لے کر، میں سرخ فیتے کو کاٹنے اور حکومت میں موجود بیوروکریسی کی رکاوٹوں کو ختم کرنے کے لیے پرعزم رہی ہوں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "سول سروس کے پیشہ جات تک مساویانہ رسائی کو فروغ دینے سے لے کر معذوری کا شکار افراد کے لیے ملازمت کے مواقع میں توسیع تک، مالی سال 2024 کے بجٹ میں تبدیلی لانے والے ایسے اقدامات شامل ہیں جو ریاست کی افرادی قوت کو جدت سے ہم آہنگ کریں گے اور گورنمنٹ کو نیو یارک کے تمام باشندوں کے لیے بہتر کام کرنے والا بنائیں گے۔"

COVID-19 کی عالمی وباء کے مابعد، ریاست نیو یارک کو بھرتیوں کے حوالے سے خاطر خواہ مسائل کا سامنا رہا ہے، جس میں ریاستی ڈیٹا کے مطابق ریاستی حکومت کو تقریباً 14،000 ملازمین کی کمی کا سامنا ہے۔ مالی سال 2024 کے بجٹ میں چوٹی کے باصلاحیت افراد کو متوجہ کرنے اور اپنے ساتھ رکھنے اور ریاست نیو یارک کی بہتر نمائندگی کے لیے سرکاری افرادی قوت میں تنوع میں اضافے کے لیے متعدد نکات شامل ہیں، ان کا پہلی مرتبہ اعلان گورنر کے 2023 کے اسٹیٹ آف دی اسٹیٹ خطاب میں کیا گیا تھا۔

**سول سروس کے امتحانات کو زیادہ قابل رسائی بنانا**

مالی سال 2024 کا بجٹ یہ موقع فراہم کرے گا کہ سول سروس کے امتحانات مسلسل بنیادوں پر پیش کیے جائیں تاکہ امیدواروں کو ٹیسٹ دینے کے زیادہ مواقع فراہم کیے جائیں - یہ ایسی تبدیلی ہے جس سے ریاستی ایجنسیز اور مقامی حکومتوں کو بھی فائدہ حاصل ہو گا۔ فی الحال، امتحانات کا انعقاد باقاعدگی سے نہیں ہوتا اور اگر کسی مقررہ تاریخ پر کسی امیدوار سے امتحان چھوٹ جائے تو وہ اس امتحان کے دوبارہ پیش کیے جانے تک وہ امتحان نہیں دے سکتے۔امتحانات کے ایک زیادہ تواتر کے ساتھ ہونے والے اور مؤثر عمل کے تحت امتحانات کی پیشکش زیادہ تعداد میں کر کے ، ریاستی ایجنسیوں اور مقامی حکومتوں کے پاس سرکاری شعبے کے اہم عہدوں کو پر کرنے کے لیے اہل قرار پانے والے امیدواروں کی ایک زیادہ بڑی تعداد ہو گی۔ امتحانات بھی زیادہ وسیع تر اقسام میں پیش کیے جا سکیں گے، بشمول آن لائن امتحانات کے ساتھ ساتھ ذاتی طور پر موجود ہو کر دیے جانے والے والے امتحانات جن کا انعقاد ریاست کے ماتحت چلنے والے 12 نئے قائم شدہ کمپیوٹر بیسڈ ٹیسٹنگ سینٹرز برائے اسٹیٹ سول سروس امتحانات میں کیا جا سکے گا۔

**سول سروس کے امتحان کی فیس کا خاتمہ**

سول سروس کے امتحان کی فیس سرکاری ملازمت اختیار کرنے میں ایک خاطر خواہ رکاوٹ کا کردار ادا کر سکتی ہے، بالخصوص روایتی طور پر پسماندہ کمیونٹیز کے امیدواروں کے لیے۔ اگرچہ موجودہ طور پر سابق فوجیوں کے علاوہ بے روزگار یا پبلک اسسٹنس وصول کرنے والے افراد کے لے فیس معافی موجود ہے، ٹیسٹ دینے والوں کی اکثریت کے لیے امتحان کی فیس کی ادائیگی کرنا لازم ہے۔ بجٹ امتحان کی فیس معاف کرنے کی حمایت کرے گا، جس کا آغاز جولائی 2023 میں اور اختتام دسمبر 2025 میں ہو گا، تاکہ سول سروس کے امتحانات دینے والے افراد کے لیے داخلے کی اس رکاوٹ کو ختم کیا جا سکے۔

**معذور افراد کے لیے ملازمت کے مواقع میں اضافہ**

مالی سال 2024 کا بجٹ B-55 کے اسپیشلائزڈ بھرتی پروگرام کو تقویت دیتا ہے کہ معذور افراد کے لیے ملازمت کے مواقع میں اضافہ کیا جائے۔ اس منصوبے کے تحت، ریاست نیو یارک اس پروگرام کے ذریعے بھرتی کی جانے والی ریاستی آسامیوں کی تعداد میں اضافہ کرے گا تاکہ معذور افراد کے لیے پیشہ ورانہ زندگی کے راستے کھلیں۔ اس پروگرام کے پھیلاؤ میں اضافہ ماضی میں کم نمائندہ یافتہ رہنے والے اس گروپ کے لیے ریاست نیو یارک کی حکومت میں بامعنی ملازمت کے مزید مواقع پیدا کرے گا۔

**ریاست نیو یارک کے خریداری کے عمل کو جدت سے ہم آہنگ کرنا**

سرکاری امور کو منظم کرنے کے لیے گورنر Hochul کے جاری عزم کے حصے کے طور پر، مالی سال 2024 کا بجٹ گورنر کے ای پروکیورمنٹ اقدام کو رسمی شکل دیتا ہے جو ریاست نیو یارک کے دفتر برائے عمومی خدمات کے ذریعے ہونے والے مرکزی کنٹریکٹنگ کے عمل کو سادہ تر، جدید تر اور زیادہ قابل رسائی بنانے کے لیے ہے۔ بجٹ الیکٹرانک بولی کی تخلیق کی شق فراہم کرتا ہے جو نیو یارک کے باشندوں کے لیے ریاست نیو یارک کی ایجنسیوں، مقامی حکومتوں اور بلا منافع اداروں کے ساتھ کاروبار کرنے کو سہل تر بنائے گی۔ ای پروکیورمنٹ کے ذریعے، ریاست شفافیت میں اضافہ کرے گی، شرکت کی رکاوٹوں کو کم کرے گی (بالخصوص اقلیت اور خواتین کے ملکیتی کاروباری اداروں کے لیے)، خریدار کو ہونے والے تجربے کو بہتر بنائے گی اور ڈیٹا کی بنیاد پر آگاہ فیصلہ کرنے کا موقع دے گی تاکہ نیو یارک کے باشندوں کو بہتر انداز میں پورا کیا جا سکے۔

**گورنر HOCHUL کا 2023 کا اسٹیٹ آف دی اسٹیٹ خطاب**

مالی سال 2024 کا ریاستی بجٹ گورنر Hochul کے 2023 کے اسٹیٹ آف دی اسٹیٹ خطاب میں سرکاری افرادی قوت اور حکومت کے امور کو مضبوط کرنے کے لیے اعلان کردہ متعدد کاوشوں کو بروئے کار لاتا ہے۔ گورنر نے اس سے پہلے ڈیپارٹمنٹ آف لیبر کرئیر سنٹرز میں سول سروس اسپیشلسٹ کی آسامیوں کی تخلیق کا اعلان کیا تھا تاکہ یہ نوکری تلاش کرنے والوں اور محکمہ سول سروس کے ساتھ ساتھ دیگر ریاستی ایجنسیز کے مابین رابطہ کار کا کردار ادا کریں، سول سروس کے میرٹ کے نظام سے بہتر طریقے سے گزرنے میں امیدواروں کی مدد کریں اور ان کو تمام ریاستی حکومت میں دستیاب ملازمت کے مواقع تک راستہ تلاش کرنے کے لیے وسیع تر معاونت فراہم کر

سکیں۔ گورنر نے ایک کثیر جہتی مارکیٹنگ مہم کا بھی اعلان کیا جس سے تمام سرکاری ملازمتوں میں دستیاب مختلف پیشہ ورانہ راستوں اور ریاست نیو یارک کی ملازمت کے منفرد فوائد سے متعلق آگاہی پیدا کی جائے۔

###


اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں